پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

18 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے خلاف مقدمات پر اب تک کی پیش رفت پر قانونی ٹیم کی کور کمیٹی کو مفصل بریفنگ
- کور کمیٹی کی جانب سے نہایت محنت، لگن اور موثر انداز میں مقدمات کی پیروی کرنے پر قانونی ٹیم کو خراج تحسین
- جیل میں چیئرمین تحریک انصاف کی بنیادی سہولیات اور حقوق سے بدستور محرومی پر شدید تشویش کا اظہار
- چیئرمین تحریک انصاف کی اپیل کی 22 اگست کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں سماعت کے حوالے سے اہم امور پر بھی گفتگو
- 22 اگست کی سماعت کے نتیجے میں چیئرمین تحریک انصاف کی سزا کی معطلی اور ان کے بنیادی آئینی و قانونی حقوق کی بحالی پر امید کا اظہار
- کور کمیٹی کی جانب سے امریکہ میں پاکستانی سفیر کے بھجوائے گئے خفیہ مراسلے (سائفر) اور 9 مئی کے واقعات پر حقائق کے تعین اور قوم کی ان سے آگاہی کیلئے فوری طور پر اعلیٰ سطحی عدالتی کمیشنز کی تشکیل کے مطالبے کا پرزور اعادہ
- کور کمیٹی کے اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے ایک نجی ٹی وی کے حالیہ انٹرویو کے مندرجات پر بھی غور

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

- اختر مینگل کی گفتگو اور تاثرات نے ملک میں لاپتہ افراد کے حوالے سے سنگین نوعیت کے شکوک و شبہات کو جنم دیا ہے۔
- اختر مینگل کی گفتگو سے لامحالہ یہ تاثر پختہ ہوتا ہے کہ رہائی سے محروم دیگر لاپتہ افراد بھی عسکری اداروں کی تحویل میں ہیں۔
- متعلقہ حکام قومی سطح پر پائی جانے والی کنفیوژن کے تدارک کا اہتمام کریں اور اختر مینگل کے بیان کی روشنی میں قوم کو حقیقی صورتحال سے آگاہ کریں۔
- چوہدری مونس الٰہی خصوصی دعوت پر کور کمیٹی کے اجلاس میں شریک
- کور کمیٹی کی جانب سے تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی سمیت ریاستی وحشت و بربریت کا نہایت جرات، حوصلے اور ثابت قدمی سے مقابلہ کرنے والے تمام قائدین اور کارکنان کو زبردست خراج تحسین
- نگران حکومت کی تشکیل کے باوجود تحریک انصاف کے خلاف ریاستی جبر کے سلسلے میں تیزی کی شدید مذمت
- تحریک انصاف کے خلاف جاری جبر و فسطائیت ریاست کی وحدت اور مضبوط وفاق کو کمزور کرنے کی سازش قرار
- پچھلے پانچ روز کے دوران خاص طور پر جنوبی پنجاب میں تحریک انصاف سے وابستہ شخصیات کے خلاف ریاست کی وحشیانہ کارروائیوں میں تیزی آئی ہے۔
- تحریک انصاف کو توڑنے اور کارکنان / ذمہ داران کو تحریک سے علیحدگی اختیار کرنے پر بزور جبر مجبور کیا جارہا ہے۔
- محسن لغاری، نواب زادہ منصور علی خان، نیاز حسین جھکڑ، سیف الدین کھوسہ اور فیصل نیازی سمیت متعدد قائدین اور ان کے اہلخانہ کو بدترین انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا ہے۔

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

- محسن لغاری کو پارٹی سے علحیدگی اختیار کرنے پر مجبور کرنے کے لئے ان کے جواں سال بیٹے پر وحشیانہ تشدد کی شدید مذمت کرتے ہیں۔
- تحریک انصاف تمام وفاقی اکائیوں میں یکساں طور پر مقبول ترین سیاسی قوت اور وفاق کی تقویت و وحدت کی علامت ہے۔
- عمران خان نے اپنی کم و بیش تین عشروں پر محیط سیاسی جدوجہد میں مرکز گریز قوتوں کے مقابلے میں ریاست اور وفاق کو غیر معمولی تقویت پہنچائی ہے۔
- بدترین انتقامی کارروائیوں کے ذریعے تحریک انصاف کو کمزور کرکے انتہاپسند، شدت پسند اور پر تشدد گروہوں کے لیے سیاست کے دروازے کھولے جارہے ہیں۔
- ریاستی جبر کی کوئی مقدار تحریک انصاف یا اس کی قیادت کو ایک آزاد، بااختیار اور خودمختار پاکستان کے حصول کی جدوجہد سے باز نہیں رکھ سکتی۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ